2025-01-30

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- حکومت نے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے قبل آج نئی دلی میں سبھی پارٹیوں کی ایک میٹنگ بلائی ہے۔ بجٹ اجلاس کَل شروع ہوگا۔

2- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اہم معدنیات کے قومی مشن سے متعلق مرکزی کابینہ کے فیصلے سے بھارت کی اعلیٰ ٹیکنالوجی، صاف ستھری توانائی، دفاع اور دیگر اہم صنعتوں کی حوصلہ افزائی ہوگی۔

3- اترپردیش کے چیف سکریٹری اور DGP پریاگ راج مہا کمبھ میں سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیں گے۔

4- امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے Guantanamo جزیرے میں واقع بحری اڈے پر غیر قانونی مائیگرینٹس کے لیے 30 ہزار بستروں پر مشتمل حراستی مرکز تعمیر کرنے کے منصوبے کا اعلان کیا ہے۔

5- مردوں کی ہاکی انڈیا لیگ میں، تمل ناڈو ڈریگنس اور سورما ہاکی کلب سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

اور

6 ٹاٹا اسٹیل شطرنج ٹورنامنٹ میں بھارت کے گرینڈ ماسٹر ڈی۔گوکیش نے نیدرلینڈس میں Wijk aan Zee کے مقام پر 10 ویں راؤنڈ میں Max Warmerdam کو شکست دی۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. Govt. All Party Meeting

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے قبل حکومت نے آج نئی دلی میں سبھی پارٹیوں کی ایک میٹنگ بلائی ہے۔ میٹنگ کے دوران حکومت اجلاس کی کارروائی کو خوش اسلوبی سے چلائے جانے کو یقینی بنانے کے لیے ایوان کے رہنماؤں کے ساتھ تبادلہ خیال کرے گی اور پارٹیوں کا تعاون حاصل کرے گی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Bhupendra

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدرِ جمہوریہ دروپدی کے خطاب کے ساتھ 31 جنوری کو بجٹ اجلاس شروع ہوگا۔ اسی روز صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب کے بعد لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے دونوں ایوانوں کے مختصر مدت کے اجلاس میں مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن اقتصادی جائزہ پیش کریں گی۔

وزیر خزانہ ہفتے کے روز 2025-26 کا بجٹ پیش کریں گی۔ لوک سبھا اور راجیہ سبھا میں پیر کے روز صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر تبادلۂ خیال ہوگا۔ بجٹ اجلاس کا پہلا حصہ جمعے سے شروع ہوکر 13 فروری تک جاری رہے گا جبکہ بجٹ اجلاس کا دوسرا حصہ 10 مارچ سے 4 اپریل 2025 تک منعقد کیا جائے گا۔

نئی دلی سے بھوپیندر سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..............

Cabinet Decisions

حکومت نے 34 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے اخراجات سے اہم معدنیات کے قومی مشن کو منظوری دی ہے۔ یہ فیصلہ، ماحولیات کیلئے ساز گار ٹیکنالوجیز کو فروغ دینے کیلئے ضروری اہم معدنی وسائل کی خاطر لکچدار ویلیو چین تشکیل دینے کے مقصد سے لیا گیا ہے۔ کل نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے معیشت کی ترقی کیلئے اہم معدنیات کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

S/B: Ashwini Vaishnaw on Critical Mineral

حکومت نے گنّے سے متعلق اشیاء سے ایتھنول کی خریداری کے لیے قیمت کو بھی منظوری دی ہے۔ ×

PM Cabinet Decisions

وزیر اعظم نریندر مودی نے، کل مرکزی کابینہ کے ذریعے لیے گئے فیصلوں کو اہم معدنیات کے شعبے میں خود کفالت کی جانب ایک بڑا قدم قرار دیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ اہم معدنیات کے قومی مشن سے متعلق مرکزی کابینہ کے فیصلے سے ملک کی اعلیٰ ٹیکنالوجی، صاف ستھری توانائی، دفاع اور دیگر اہم شعبوں کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایتھنول کی خریداری سے متعلق نظرثانی شدہ قیمت سے متعلق کابینہ کے فیصلے سے ایتھنول کی پیداوار کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ وزیر اعظم نے اُجاگر کیا کہ مرکزی کابینہ کے اس فیصلے سے خام تیل کی درآمدات کو کم کرنے، کسانوں کو بااختیار بنانے اور صاف ستھری توانائی کو فروغ دینے میں بھی مدد ملے گی۔×

JPC Waqf Report

وقف ترمیمی بل 2024 سے متعلق مشترکہ پارلیمانی کمیٹی آج لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کو اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ یہ جانکاری کل نئی دلی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے 31 رکنی پینل کے چیئرمین جگدمبکا پال نے دی۔

کمیٹی نے کَل وقف ترمیمی بل 2024 پر ایک مسودہ رپورٹ کو منظور کرلیا۔ جناب پال نے کہا کہ مذکورہ کمیٹی نے بل سے متعلق 14 شقوں میں ترامیم کو منظوری دے دی ہے۔ انھوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ پچھلے چھ مہینوں میں بل کے تعلق سے تفصیلی گفت و شنید کی گئی تھی۔

S/B Jagdambika Pal

Constituency Profie Rejouri Garden

70 رکنی دلی اسمبلی کے لیے اگلے مہینے کی پانچ تاریخ کو پولنگ ہوگی۔ آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ دلی اسمبلی انتخابات کے تناظر میں آپ کے لیے ایک خصوصی سیریز پیش کر رہا ہے۔ آج ہم راجوری گارڈن حلقے پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

ایک رپورٹ

VC Saklen

راجوری گارڈن اسمبلی سیٹ جنوب مغربی دہلی کا مقبول حلقہ ہے، جو کہ گھر کی سجاوٹ کے سامان، گھریلو شاپنگ اور مارکیٹ کے ساتھ ساتھ غذائی پروڈکٹس کے لحاظ سے بہت مشہور ہے۔ BJP نے اس سیٹ سے مجیندر سنگھ سرسا کو، جبکہ کانگریس نے دھرم پال چندیلا کو ٹکٹ دیا ہے۔ عام آدمی پارٹی نے ایک بار پھر موجودہ MLA دھنونتی چندیلا پر اعتماد کیا ہے۔ پچھلے اسمبلی انتخاب میں عام آدمی پارٹی کے چندیلا نے BJP کے امیدوار رمیش کھنہ کو 22 ہزار ووٹوں سے شکست دی تھی۔ اس بار BJP، عام آدمی پارٹی اور کانگریس امیدواروں کے درمیان سہ رخی مقابلہ دیکھنے کو ملے گا۔

موجودہ اسمبلی حلقے میں غیر قانونی قبضے، پانی جمع ہونا، پینے کا پانی، ٹریفک جام اور پارکنگ اہم مسائل ہیں۔

پانچ فروری کو ہونے والے اسمبلی چناؤ میں تقریباً ایک لاکھ 78 ہزار رائے دہندگان امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔

نئی دلّی سے رہیس الدین کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..................

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

PM Delhi Rally

قومی راجدھانی دلی میں جیسے جیسے 70 رکنی دلی اسمبلی انتخاب کی تاریخ نزدیک آرہی ہے، سیاسی محاذ آرائی بھی تیز ہوگئی ہے۔

BJP کے سینئر رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کَل عام آدمی پارٹی کی شدید نکتہ چینی کرتے ہوئے عام آدمی پارٹی پر دلّی کے لوگوں سے جھوٹ بولنے اور فرضی وعدے کرنے کا الزام عائد کیا۔ انہوں نے کہا کہ دلّی کے حالات اور مسائل پہلے کی ہی طرح ہیں کیونکہ کانگریس اور عام آدمی پارٹی دونوں نے ہی اپنی اپنی مدتِ کار میں دلّی کی ترقی کیلئے کچھ بھی نہیں کیا۔

کل بوانا میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس کے رہنما راہل گاندھی نے بھی عام آدمی پارٹی اور BJP پر جھوٹے وعدے کرنے کا الزام لگایا۔

انھوں نے الزام لگایا کہ دلّی کے سابق وزیرِ اعلیٰ اروند کیجریوال ریزرویشن کے مخالف ہیں اور ساتھ ہی وہ دلتوں، پسماندہ طبقات، اقلیتوں اور غریبوں کے بھی مخالف ہیں۔

بادلی علاقے میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اروند کیجریوال نے اُن کی حکومت کی طرف سے کیے گئے کاموں کو اجاگر کیا۔ انھوں نے وعدہ کیا کہ اگر وہ اقتدار میں آتے ہیں تو ان کی پارٹی، پانی کے بل معاف کردے گی۔x

Rev. Maha Kumbh CS DGP Visit

اور اب کچھ خبریں مہا کمبھ سے

Montage Opening

کل مونی اماوسیہ کے موقع پر سنگم میں 7کروڑ سے زیادہ عقیدتمندوں نے پوِتر ڈبکی لگائی۔ پوِتر ڈبکی لگانے کے بعد عقیدتمندوں نے گھاٹوں پر پوجا ارچنا کی۔ مہاکمبھ میلے کو دنیا کے سب سے بڑے مذہبی اجتماع کی حیثیت سے شناخت حاصل ہوئی ہے، جو 13 جنوری کو شروع ہوا تھا اور اب تک 26 کروڑ سے زیادہ عقیدتمند پوِتر ڈبکی لگا چکے ہیں۔

کل سنگم گھاٹ پر پیش آئے ایک افسوسناک واقعے کے بعد سیکیورٹی میں اضافہ کردیا گیا ہے۔

اترپردیش کے چیف سکریٹری اور پولیس کے ڈائریکٹر جنرل کل سنگم گھاٹ پر پیش آئے واقعے کے بعد مہاکنبھ میں سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے آج پریاگ راج کا دورہ کریں گے۔

اِس حادثے میں 30 عقیدتمند ہلاک اور 60 دیگر زخمی ہوگئے تھے۔ زخمی عقیدتمندوں کا فی الحال مقامی میڈیکل کالج میں علاج کیا جا رہا ہے۔

ہمارے نامہ نگارنے خبر دی ہے کہ میلے کے علاقے میں سیکیورٹی بڑھادی گئی ہے۔

ایک رپورٹ

V/C: Dependra / Aman

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے چیف سکریٹری اور DGP کو ہدایت دی ہے کہ وہ صورتحال کا جائزہ لیں اور اس سلسلے میں رپورٹ داخل کریں۔ یہ لوگ حادثے کی جگہ کا دورہ کریں گے اور معاملے کی تحقیقات کریں گے۔ یہ دردناک واقعہ کل سنگم کے نزدیک اکھاڑہ روٹ پر پیش آیا تھا۔ وزیراعلیٰ نے عدالتی تحقیقات کا بھی حکم دیاہے اور تین رکنی عدالتی کمیشن تشکیل دیا ہے۔

مذکورہ کمیشن حادثے کی وجہ اور حالات کا پتہ لگائے گا اور مستقبل میں اس طرح کے حادثات سے بچنے کے لیے اقدامات کی سفارش کرے گا۔ پولیس اس حادثے کی وجہ کی تحقیقات کرے گی۔

پریاگ راج سے دیپندر کمارکی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.......

Gandhi Sarva Dharma Prayer

ملک آج بابائے قوم مہاتما گاندھی کو اُن کی 77 ویں برسی اور شہادت کے دن پر خراجِ عقیدت پیش کر رہا ہے۔ اس موقع پر آج صبح نئی دلی میں گاندھی سمادھی راج گھاٹ پر سبھی مذہبوں کا دعائیہ جلسہ منعقد کیا جا رہا ہے۔

Vaishnav Jan Song

ہر سال 30 جنوری کو ملک مہاتما گاندھی کی زندگی اور وراثت کو اعزاز دیا جاتا ہے جو آزادی کے لیے بھارت کی جدوجہد کی رہنمائی کے ایک روشن مشعل تھے۔ یہ دن شہیدوں کے دن یا شہیدی دوس کے طور پر بھی منایا جاتاہے-x

PM Gandhi

وزیراعظم نریندر مودی نے آج مہاتما گاندھی کو ان کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیاہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ مہاتما گاندھی کے نظریات بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کے لیے ملک کے لوگوں کو تحریک دیتے ہیں۔

وزیراعظم نے ملک کے سبھی شہیدوں کو بھی خراج عقیدت پیش کیا اور ان کی خدمات، اور قربانیوں کو بھی یاد کیا-x

Trump MIgrant Detention Facility

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، کیوبا کے Guantanamo جزیرے میں واقع امریکی بحریہ کے اڈّے پر، 30 ہزار بستروں پر مشتمل مائیگرنٹ حراستی مرکز تعمیر کرنے کے منصوبے کا اعلان کیا ہے۔ یہ نیا مرکز، موجودہ اعلیٰ سکیورٹی جیل سے الگ ہوگا اور اس میں صدر ٹرمپ کے ذریعے بدترین مجرم قرار دیے گئے، غیر قانونی غیر ملکیوں کو رکھا جائے گا۔

S/B - Trump on 30,000 Migrant

امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ ICE کی طرف سے چلایا جانے والا یہ حراستی مرکز موجودہ سائٹ کو وسعت دے گا اور یہ تارکینِ وطن کو سمندر میں روک سکتا ہے۔ اس دوران کیوبا کی سرکار نے اس اقدام کی مذمت کرتے ہوئے اسے غیر قانونی اور غیر انسانی قرار دیا ہے۔ Guantanamo جزیرہ طویل عرصے سے متنازعہ رہا ہے۔

ماضی میں بھی یہاں سے زیرِ حراست افراد کے ساتھ بدسلوکی کے الزام کی خبریں موصول ہوتی رہی ہیں۔ یہ اعلان جناب ٹرمپ کے Laken Riley ایکٹ پر دستخط کے بعد کیا گیا ہے، جو پُر تشدد جرائم میں ملوث غیر قانونی تارکینِ وطن کو جیل میں رکھنے کا حکم صادر کرتا ہے۔ اس ایکٹ کا نام جارجیا کی ایک نرسنگ طالبہ کے نام پر رکھا گیا ہے، جسے وینیزوئیلا کے ایک مائیگرینٹ نے قتل کر دیا تھا-x

President Beating Retreat

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کل نئی دلّی کے تاریخی وِجے چوک پر 76 ویں یومِ جمہوریہ تقریبات کے اختتام کے لیے منعقدہ Beating Retreat تقریب کے دوران بہترین دھنیں بجانے والے سبھی بینڈس کی تعریف کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ آئین کے 75 سال پورے ہونے اور ایک پیڑ ماں کے نام کی تھیم کے ساتھ ساتھ Chakra Vyuh اور Makar Vyuh کی دھنوں کے لیے تمام بینڈس کی کارکردگی شاندار رہی۔ صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ بھارت کی گوناگوں ثقافت کو اُجاگر کرنے والی یہ تقریب مسلح افواج کی بہادری اور قربانی کو شاندار خراجِ تحسین رہی۔×

## Tripura Budget Expectation

ملک کے شمال مشرقی علاقوں میں واقع تریپورہ میں ترقی کے نقطۂ نظر سے زبردست صلاحیت موجود ہے۔ ایک فروری کو پارلیمنٹ میں پیش کیے جانے والے مرکزی بجٹ 2025 کے تعلق سے تریپورہ کو متعدد اقدامات کی امید ہے، تاکہ ریاست کی ترقی کے انجن کو رفتار فراہم کی جا سکے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Kunal Shinde

مرکزی حکومت نے حالیہ برسوں میں، دیہی عوام بالخصوص ریاستِ تریپورہ میں خواتین اور بچوں کی اقتصادی اور معاشی ترقی کے لیے متعدد مواقع فراہم کیے ہیں۔ سرکار، 'پردھان منتری سمّان سمردھی' یوجنا جیسی اسکیموں کے ذریعے کسانوں کو مسلسل مالی مدد فراہم کر رہی ہے۔ اس کے علاوہ'لکھپتی دی دی' اور فصلوں والی کھیتوں میں آسانی سے کھاد ڈالنے کے لیے 'ڈرون دی دی' جیسی اسکیموں سے کسانوں کو کافی منافع ہو رہا ہے۔ داخلی سڑک رابطے اور بنیادی ڈھانچے کے سیکٹر میں اہم تبدیلی لانے والی 'پی ایم DevINE' کے لیے مزید توجہ اور بہتری کی ضرورت ہے۔ ماہرین اقتصادیات اور سوِل سوسائٹی کا خیال ہے کہ ریاست کی ترقی کو مزید فروغ دینے کے لیے تریپورہ میں سیاحت سے وابستہ معیشت کو فروغ دینے کی بے پناہ صلاحیت ہے۔ لہٰذا اس شعبے پر مزید توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

شمال مشرق کی تمام ریاستوں کے ساتھ تریپورہ ایک تعلیمی مرکز بن سکتا ہے۔

اگرتلا سے کُنال شندے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..................

## J&K Security Forces

جموں و کشمیر میں، پولیس کے ڈائریکٹر جنرل Nalin Prabhat نے سکیورٹی فورسز سے باہمی تال میل کے ساتھ کام کرنے کے لیے کہا ہے۔ کٹھوعہ کے اپنے دورے کے دوران فوج، CRPF اور جموں کشمیر کے اعلیٰ عہدیداران کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے پولیس کے سربراہ نے تمام سکیورٹی فورسز سے کہا کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کریں اور علاقے میں دہشت گردوں کو ختم کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں۔ پولیس کے سربراہ نے زمینی سطح پر انٹیلی جنس قائم کرنے اور کارروائی کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے خصوصی ٹیموں کی اُن کے سرگرم طریقۂ

کار اور عزم کے لیے تعریف کی۔ DGP نے پولیس، فوج اور CRPF کے اعلیٰ افسروں کے ساتھ کٹھوعہ ضلعوں کے مختلف مقامات کا دورہ کیا۔×

## Morn. US India Caucus

ڈیموکریٹک پارٹی سے تعلق رکھنے والے امریکی قانون ساز Ro Khanna نے اعلان کیا ہے کہ ریبلیکن پارٹی کے اُن کے ساتھی بھارت سے متعلق دو فریقی امریکی کانگریس کمیٹی کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ وہ Mike Walz کی جگہ لیں گے، جو اب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے قومی سلامتی کے مشیر بن گئے ہیں۔ بھارت سے متعلق یہ کمیٹی، امریکہ اور بھارت کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لیے پُر عزم ہے۔ سابقہ 118 ویں کانگریس میں کمیٹی کے ارکان کی تعداد بڑھ کر 145 ہو گئی ہے۔ اس میں 35 نئے ممبر شامل ہوئے ہیں۔×

## IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیاتIMD نے جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفر آباد میں اگلے تین سے چار روز کے دوران ہلکی سے اوسط بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔

ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں ہفتے کے روز تک اسی طرح کے موسم کے حالات رہنے کا امکان ہے۔

IMDنے کہا ہے کہ توقع ہے کہ پنجاب، ہریانہ، اترپردیش، راجستھان، ودربھ، مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ میں اگلے پانچ روز کے دوران ہلکی سے اوسط بارش ہوگی۔x

## Hockey

مردوں کی ہاکی انڈیا لیگ میں، کل شام برسا منڈا ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ایک دلچسپ میچ میں، تمل ناڈو ڈریگنز یو-پی رُدراس کے ساتھ دو دو گول کی برابری پر، میچ ختم کرنے کے بعد سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ اس میچ کے نتیجے کے بعد تمل ناڈو ڈریگنز سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے جبکہ یو-پی رُدراس ٹورنامنٹ سے باہر ہو گیا ہے۔

کھیل کے پہلے حصے میں، سُدیپ چرماکو اور لِلِت کمار اُپادھیائے نے یو-پی رُدراس کو دو صفر کی سبقت دلائی، تاہم تمل ناڈو ڈریگنز نے Jip Janssen اور Thomas Sorsby کے گول کی مدد سے کھیل میں مضبوط واپسی کی۔

پوائنٹس ٹیبل میں، 17 پوائنٹس کے ساتھ چوتھے مقام پر رہنے والے تمل ناڈو ڈریگنز کو سیمی فائنل میں پہنچنے کے لیے صرف ایک ڈرا کی ضرورت تھی، جبکہ 15 پوائنٹس کے ساتھ پانچویں مقام پر رہنے والے یو-پی رُدراس کو جیت کی ضرورت تھی۔

کل پہلے سیمی فائنل مقابلے میں، تمل ناڈو ڈریگنز کا مقابلہ شراچی راڑھ بنگال ٹائیگرس سے ہوگا، جبکہ دوسرے سیمی فائنل مقابلے میں، JSW سورما ہاکی کلب کا سامنا حیدرآباد طوفانز سے ہوگا۔×

Chess -Tata Steel

نیدرلینڈس کے Wijk aan Zee میں جاری 2025 ٹاٹا اسٹیل شطرنج ٹورنامنٹ میں بھارت کے Dommaraju Gukesh نے اپنا دبدبہ برقرار رکھا ہے۔ انہوں نے کل رات 10 ویں راؤنڈ میں نیدر لینڈس کے گرینڈ ماسٹر Max Warmerdam کو ہرا کر ماسٹرز زمرے میں اپنی سبقت کو برقرار رکھا۔ سب سے کم عمر کے عالمی شطرنج چمپئن بننے کے بعد گوکیش کا یہ پہلا ٹورنامنٹ ہے۔

اِس سے پہلے گوکیش نے 9 ویں راؤنڈ میں، Leon Luke Mendonca کو ہرانے کے بعد سبقت حاصل کر لی تھی۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... اسد اللہ

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ پرتاپ، راشٹریہ سہارا اور ہندوستان ایکسپریس سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے فوجوں کی واپسی کا پروگرام بیٹنگ ریٹریٹ وجے چوک پر شاندار طریقے سے اختتام پذیر ہونے کی خبر کو پہلے صفحے کی سرخی بنایا ہے۔ ساتھ ہی اخباروں نے مہاکمبھ میلے میں بھگدڑ کے واقعے میں کئی لوگوں کے ہلاک ہونے اور متعددکے زخمی ہونے کی خبر کو بھی پیش کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ اس دردناک حادثے پر صدرِ جمہوریہ، وزیراعظم، نائب صدر جمہوریہ سمیت مختلف رہنماؤں نے مہلوکین کے کنبے سے تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔

GSLV F-15 کا کامیاب تجربہ، اس خبر کو سرخی بناتے ہوئے روزنامہ راشٹریہ سہارا لکھتا ہے کہ بھارت کی خلائی تحقیق کی تنظیم اِسرو نے خلا کے شعبے میں ایک اور قدم آگے بڑھاتے ہوئے تاریخ رقم کی۔

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے 100 ویں مشن کو حاصل کرنے پر اسرو کو مبارکباد دی۔

دلی اسمبلی انتخابات کے لیے گل کانگریس کا منشور جاری ہونے کی خبر کو بھی تقریباً سبھی اخباروں نے نمایاں شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے: مشترکہ پارلیمانی کمیٹی نے وقف ترمیمی بل کی نظرِ ثانی شدہ مسودہ رپورٹ اور اس میں کی گئی ترامیم کو منظوری دی۔

_ دمشق میں نئی انتظامیہ کے سربراہ سے روسی وفد کی بات چیت۔

_ جنوبی سوڈان میں مسافر بردار طیارہ گر کر تباہ، 20 افراد ہلاک

روزنامہ انقلاب کے بین الاقوامی صفحے کی کچھ دیگر خبریں ہیں۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- حکومت نے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے قبل آج نئی دلی میں سبھی پارٹیوں کی ایک میٹنگ بلائی ہے۔ بجٹ اجلاس کل شروع ہوگا۔

2- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اہم معدنیات کے قومی مشن سے متعلق مرکزی کابینہ کے فیصلے سے بھارت کی اعلیٰ ٹیکنالوجی، صاف ستھری توانائی، دفاع اور دیگر اہم صنعتوں کی حوصلہ افزائی ہوگی۔

3- اترپردیش کے چیف سکریٹری اور DGP پریاگ راج مہا کمبھ میں سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیں گے۔

4- امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے Guantanamo جزیرے میں واقع بحری اڈے پر غیر قانونی مائیگرینٹس کے لیے 30 ہزار بستروں پر مشتمل حراستی مرکز تعمیر کرنے کے منصوبے کا اعلان کیا ہے۔

5- مردوں کی ہاکی انڈیا لیگ میں، تمل ناڈو ڈریگنس اور سورما ہاکی کلب سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

اور

6 ٹاٹا اسٹیل شطرنج ٹورنامنٹ میں بھارت کے گرینڈ ماسٹر ڈی۔گوکیش نے نیدرلینڈس میں Wijk aan Zee کے مقام پر 10 ویں راؤنڈ میں Max Warmerdam کو شکست دی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔